SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 24, 2021

## ایس ای سی پی نے ڈیٹ اور ہائبر ڈ ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کے لئے ریگولیٹری فریم ورک جاری کر دیا

اسلام آباد (جون 23) : سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کیپیٹل مارکیٹ میں مسابقتی ماحول پیدا کرنے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے اور ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کی پراڈکٹ رینج کو متنوع بنانے کے لئے، ڈیٹ اور ہائبر ڈ ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کے اجراء کے لئے ریگولیٹری فریم ورک تشکیل دے دیا ہے۔

ایکویٹی ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کے موجودہ فریم ورک میں ترامیم کے لئے جاری کردہ سرکلر ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔ ترمیم شدہ فریم ورک میں ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کے یونٹوں کی لسٹنگ، ٹریڈنگ، کلیئرنس اور تصفیے کے طریقہ کار اور ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے لئے معلومات کی فراہمی کی شرائط وضوابط کا تعین اور مارکیٹ میکرز/مجاز شرکاء کی ذمہ داریوں کی وضاحت بھی کر دی گئی ہے۔
ڈیٹ ای ٹی ایف کی مینجمنٹ بھی ایکیوٹی ای ٹی ایف کی طرح جاتی ہے اور اس کی ٹریڈنگ بھی عمومی اسٹاک ایکسچینج پر کی جاسکتی ہے جس سے سرمایہ کاروں کو فکسڈ انکم سیکورٹیز جیسے کہ کارپوریٹ بانڈز یا ٹریژری بلز میں سرمایہ کاری کی کم لاگت، شفاف اور متنوع مواقع حاصل ہوتے ہیں۔ ہائبر ڈ، ای ٹی ایف، ڈیٹ اور ایکیوٹی سیکورٹیز پر مشتمل ایک مالیاتی پراڈکٹ ہے جس میں سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے۔ ڈیٹ ای ٹی ایف میں سرمایہ کاروں کے لیے دیگر پراڈکٹ کی نسبتاً کم رسک ہوتا ہے کیونکہ اس میں شامل ڈیٹ سیکورٹیز منافع کے توازن کو برقرار رکھتی ہے۔

دنیا میں ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز پر مبنی مالیاتی پراڈکٹ تیزی سے مقبول ہو رہی ہیں کیونکہ ای ٹی ایف مختلف شعبوں پر مبنی سرمایہ کاری، سٹاک، ریٹ، بانڈز، فیوچرز، میوچل فنڈز اور دیگر سرمایہ کاری کے ایسٹ کا احاطہ کرتی ہے اور سرمایہ کاروں کا فی فوائد حاصل ہوتے ہیں جیسے کہ ٹریڈنگ میں آسانی، مجموعی طور پر پراڈکٹ کے پورٹ فولیو میں تنوع اور لسٹنگ ہونے کی وجہ سے شفافیت کو بھی یقینی بناتا ہے۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ای ٹی ایف متعارف ہونے سے پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ دیگر علاقائی اور بین الاقوامی مارکیٹوں کے ہم پلہ ہو چکی ہے۔ ای ٹی ایف کی نئی پراڈکٹ 'ڈیٹ اور ہائبر ڈ کا اجراء کیپٹل مارکیٹ کے فروغ کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005